PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان کرکٹ بورڈ اور لفبرا کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

لاہور 27 ستمبر، 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈائنیٹک کیو، لفبرا سے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔

منگل کی شام نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں ہونے والی اس تقریب میں یہ دستخط کیے گئے۔ اس ایم او یو کا بنیادی نکتہ کرکٹ میں بائیو مکینکل پہلوؤں پر مکمل توجہ مرکوز رکھتے ہوئے ریسرچ اور تجزیے ہیں جن میں فاسٹ بولرز کے منیجمنٹ پروگرام اور انہیں انجریز سے محفوظ رکھنا، کھلاڑیوں کی فٹنس کو یقینی بنانا، کوچز کی سائنسی خطوط پر تعلیم شامل ہیں جنہیں صرف کوچز ان کے سپورٹ اسٹاف امپائرز اور کیوریٹرز کے ٹریننگ کورس تک محدود نہ رکھا جائے۔

ڈائنیٹک کیو اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے اس اشتراک سے پاکستانی کرکٹرز کو ٹیکنالوجی اور سائنٹیفک مہارت سے منسلک کرکے ان کی مہارت اور کارکردگی میں اضافے میں مدد ملے گی۔

ڈائنیٹک کیو پاکستان میں کھلاڑیوں کو ایسے کورسز پیش کرے گا جو کھیل کے مستقبل کے تناظر میں ان کھلاڑیوں کو مکمل معلومات اور مہارت فراہم کریں گے۔

مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیرمین ذکا اشرف۔ چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر، نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے قائم مقام ڈائریکٹر ذاکر خان۔ ڈائریکٹر انٹرنیشنل عثمان واہلہ۔ ڈائریکٹر ڈومیسٹک ندیم خان اور

سینئر جنرل منیجر ڈومیسٹک جنید ضیا شریک ہوئے جبکہ لفبرا کی طرف سے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈائنیٹک ملی کلارک اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر سوچو کرکٹ علی احسن شریک تھے۔ اس موقع پر ذکا اشرف کو پریزنٹیشن دی گئی۔

اس موقع پر **ذکا اشرف** کا کہنا تھا کہ یہ اشتراک اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ہم پاکستان کرکٹ میں بہترین معیار کو حاصل کرنے کے سلسلے میں کس قدر سنجیدہ ہیں۔ اس ایم او یو سے کھلاڑیوں کی کارکردگی کے سلسلے میں جسمانی پہلوؤں کو بہتر کرنے میں مدد ملے گی اور یہ کھلاڑیوں کی فٹنس میں بہتری کے ضمن میں ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔

اس موقع پر **ملی کلارک** نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں فاسٹ بولنگ کے غیر معمولی ٹیلنٹ کے ساتھ کام کرنے کا یہ ایک بہترین موقع ہوگا۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ بولرز جدید سائنٹیفک ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے فٹنس کو یقینی بناتے ہوئے اپنی کارکردگی میں بھی اضافہ کریں۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners